© rasailojaraid.com

(۱) معارف لدنیہ ضخامت ۱۹۲ صفحات قیمت -/3

(۲) مکاشفات عینیہ مجددیہ ضخامت ۱۶۰ صفحات قیمت 1/50

(۳) مبدأ و معاد ضخامت ۲۲۴ صفحات قیمت -/3

(۴) انتخابات مکتوبات ضخامت ۲۳۶ صفحات قیمت ندارد

تقطیع خورد، کتابت وطباعت بہتر، پتہ: ادارہ مجددیہ مکان نمبر ۵/۲۔ ناظم آباد ۳ کراچی۔ ۱۸

حاجی محمد اعلیٰ جو تقسیم سے پہلے برہان سے وابستہ تھے انھوں نے کراچی میں ادارہ مجددیہ کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا ہے اور اس کا اصل مقصد یہ ہے کہ حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی جو تصنیفات یا تحریریں اب تک طبع نہیں ہوئی ہیں ان کا کھوج لگا کر اہتمام سے انھیں شائع کیا جائے اور جو کتابیں مطبوعہ ہیں تسہیل اور ترجمہ کے ذریعہ انھیں اس لائق بنایا جائے کہ متوسط درجہ کی استعداد کا اردو خواں بھی ان سے استفادہ کر سکے۔ چنانچہ یہ چاروں کتابیں اسی سلسلہ کی کڑی ہیں۔ پہلی کتاب ایک رسالہ ہے جو معرفت الٰہی کے عجیب وغریب اسرار ورموز سے متعلق اکتالیس متفرق مضامین پر مشتمل ہے۔ یہ رسالہ پہلے بھی متعدد بار شائع ہوچکا ہے۔ لیکن اب اس کو تصحیح کے مزید اہتمام کے ساتھ مع اردو ترجمہ کے چھاپا گیا ہے۔ ترجمہ مولانا سید زوار حسین شاہ صاحب کے قلم سے ہے اور شگفتہ وسلیس ہے۔ دوسری کتاب نایاب تھی۔ حاجی محمد اعلیٰ نے سندھ کے ایک پرائیویٹ کتب خانہ سے اس کی نقل حاصل کی اور اصل کو مع اردو ترجمہ کے شائع کیا ہے۔ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اس میں حضرت مجدد نے اپنے مکاشفات بیان فرمائے ہیں اور آخر میں چہل حدیث درج کی ہیں لیکن رسالہ کے مرتب مولانا محمد ہاشم کشمی ثم برہان پوری (صاحب زبدۃ المقامات) نے ازراہ تیمن وتبرک شروع میں مشائخ قادریہ ونقشبندیہ کے شجرے اور بعض اجازت نامے جو خود حضرت مجدد رحمۃ اللہ علیہ نے تحریر فرمائے تھے اور وہ آپ کے بعض خلفاء کے پاس اِدھر اُدھر محفوظ تھے انھیں بھی شامل کردیا ہے۔ تیسری کتاب سلوک ومعرفت اور سلاسلِ تصوف سے متعلق بعض متفرق مضامین کا مجموعہ ہے۔ یہ کتاب بھی متعدد بار چھپ چکی ہے لیکن اب اس کو متعدد مطبوعہ اور مخطوطہ

© rasailojaraid.com